# INS Kiltan delivers 15 tons of flood relief material to Cambodia

December 30, 2020

---

## بھارتی بحری جہاز آئی این ایس کیلٹن نے 15 ٹن پر مشتمل سیلاب سے متعلق امدادی سامان کمبوڈیا کو پہنچایا

30 دسمبر، 2020

انڈیا اور کمبوڈیا کے درمیان پرانے تہذیبی اور دوستانہ تعلقات میں آج ایک اور شاندار باب لکھا گیا، جب بھارتی بحری جہاز"آئی این ایس کیلٹن" نے کمبوڈیا میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کے لئے 3000 سیلاب امدادی کٹوں پر مشتمل 15 ٹن سیلاب امدادی سامان پہنچایا۔ بھارتی بحری جہاز"آئی این ایس کیلٹن" ہندوستانی بحریہ کے مشن ساگر III کے تحت 29 دسمبر 2020 کو سیہانوکویلے پورٹ پہنچا جس پر کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے وژن خطے میں سب کے لئے سلامتی اور نمو (ساگر) کے تحت عمل در آمد کیا گیا ہے۔

رائل کمبوڈین بحریہ کی جانب سے، کموڈور سوکھیمرا نے آئی این ایس کیلٹن کے دورے کا پرتپاک استقبال کیا، اور کمبوڈیا کے عوام کو امداد فراہم کرنے کے اس انسانی عمل پر حکومت ہند کا شکریہ ادا کیا۔ 30 دسمبر 2020 کو، حکومت ہند کی جانب سے، سیہانوکویلے پورٹ میں منعقدہ ایک تقریب میں، پنوم پنہ میں قائم ہندوستان کے سفارت خانے میں چارج ڈی افیئرس اور سیکنڈ سکریٹری (سیاسی اور کامرس امور) جناب بی سباراؤ نے 15 ٹن پر مشتمل سیلاب سے متعلق امدادی مواد، نیشنل کمیٹی برائے ڈیزاسٹر منیجمنٹ کے مستقل نائب صدر اور کمبوڈیا کے وزیر اعظم سیمڑیک ٹیکو ہن سین کے مشیر عالی جناب ہینگ سامیون کے حوالے کیا۔ کمبوڈیا کی شاہی حکومت کی جانب سے سیلاب سے متعلق امدادی مواد کو قبول کرتے ہوئے، علی جناب سامیون نے دونوں ممالک کے مابین دوستی کے مضبوط رشتوں کو یاد کیا، اور کمبوڈیا کے سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی مدد کرنے کے حکومت ہند کا شکریہ ادا کیا۔

"مشن ساگر" کے تحت کمبوڈیا کو 15 ٹن پر مشتمل سیلاب سے متعلق امدادی سامان فراہم کرنے کے لئے آئی این ایس کلیٹن کا سیہا نوکویلے بندرگاہ کا دورہ اور اس پر رکنا دوستانہ فارن ممالک کے لئے ہندوستان کی انسانی تعاون اور آفات سے نجات (ایچ اے ڈی آر) کی امداد کا ایک حصہ ہے، اور اس سے ان تعلقات کی اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے جسے ہندوستان ایک قریبی سمندری پڑوسی ملک کمبوڈیا سے منسلک رہتا ہے۔

**30 دسمبر، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.